# ذیلی حلقے کے 12 مدنی کام

1 محرم الحرام 1440ھ 11 ستمبر 2018



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# ذیلی حلقے کے 12 مدنی کام

## روزانہ کے 5 مدنی کام

﴿1﴾ **صدائے مدینہ:** (ہدف فی ذیلی حلقہ کم از کم 4 اسلامی بھائی) دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں نمازِ فجر کے لئے با آوازِ بلند لوگوں کو جگانے کو "صدائے مدینہ" کہا جاتا ہے، روزانہ پابندی کے ساتھ ذیلی حلقے میں 2، 2 اسلامی بھائی مل کر مختلف سمتوں میں جا کر صدائے مدینہ لگائیں، جو اسلامی بھائی صبح اٹھانے کے لئے نام لکھوائیں، اُن کے دروازے پر دستک بھی دیں، صدائے مدینہ کی برکت سے تہجد کی پابندی، صفِ اوّل میں تکبیرِ اولیٰ کے ساتھ باجماعت نمازِ فجر پڑھنے کی سعادت حاصل ہوگی، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ نیز دیگر نمازوں میں بھی نماز کی دعوت دے کر **نمازی بناؤ تحریک** کا حصّہ بنئے۔ (صدائے مدینہ لگانے کا طریقہ رِسالہ "صدائے مدینہ"، ص نمبر 22 پر مُلاحظہ کیجئے) ﴿2﴾ **بعد فجر مدنی حلقہ:** (ہدف: فی ذیلی حلقہ، شرکاء: کم از کم 12 اسلامی بھائی) نگرانِ ذیلی مشاورت/ ذیلی ذمہ دار مدنی انعامات روزانہ بعدِ فجر تا اشراق وچاشت، کنزالایمان شریف سے 3 آیات کی تلاوت، ترجمہ اور تفسیر صِراطُ الْجِنَان / خزائن العرفان / نور العرفان سے دیکھ کر سُنائیں، فیضانِ سنّت کے ترتیب وار 4 صفحات، منظوم شجرہ شریف، اوراد و وظائف کی ترکیب اور اجتماعی فکرِ مدینہ کا حلقہ لگائیں نیز ذیلی مشاورت آج کے مدنی کاموں کے لئے مدنی مشورہ کرے۔ (بعدِ فجر مدرسۃ المدینہ بالغان کی بھی ترکیب ہوسکتی ہے، تفصیلی معلومات جاننے کے لئے رِسالہ "بعدِ فجر مدنی حلقہ" کا مطالعہ کیجئے) ﴿3﴾ **مسجد درس:** ہر مسجد میں روزانہ کم از کم ایک دَرس ہونا چاہئے، مسجد میں اجازت نہ ہونے کی صورت میں انتظامیہ، خطیب و امام و مؤذن وغیرہ کی مخالفت کئے بغیر باہر درس دیں، درس والی مسجد میں کم از کم ایک نماز ضرور پڑھیں اور نمازیوں پر انفرادی کوشش کا سلسلہ جاری رکھیں۔ (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے رسائل سے بھی حسبِ موقع درس دیا جاسکتا ہے۔ مرکزی مجلسِ شوریٰ) (تفصیلی معلومات جاننے کے لئے رِسالہ "مسجد درس" کا مطالعہ کیجئے) ﴿4﴾ **مدرسۃ المدینہ بالغان:** (ہدف فی ذیلی حلقہ کم از کم 1 مدرسہ، شرکاء: 19 اسلامی بھائی، دورانیہ 63 منٹ) دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں بالغ اسلامی بھائیوں کو درست مخارج کے ساتھ بعدِ عشاء یا بعدِ فجر یا کسی بھی وقت قرآن پڑھانے کا سلسلہ ہوتا ہے، مسجد یا کسی بھی مقام پر روزانہ کی ترکیب ہونی چاہئے، اگر ذیلی حلقوں میں مدرسۃ المدینہ بالغان مضبوط ہوجائیں تو 12 مدنی کاموں کی مدنی بہاریں آسکتی ہیں (تفصیلی معلومات جاننے کے لئے رِسالہ "مدرسۃ المدینہ بالغان" کا مطالعہ کیجئے) ﴿5﴾ **چوک درس:** (ہدف فی ذیلی حلقہ: 2 چوک درس) گھڑی کا وقت مقرر کرکے روزانہ چوک درس کا اہتمام کیا جائے۔ مثلاً رات 9 بجے مدینہ چوک، 09:30 بجے بغدادی چوک میں وغیرہ۔ چھٹی والے دن ایک سے زیادہ مقامات پر چوک درس کا اہتمام کیجئے، مگر حقوقِ عامہ تلف نہ ہوں مثلاً کسی مسلمان یا جانور وغیرہ کا راستہ نہ رُکے ورنہ گناہگار ہوں گے۔ (تفصیلی معلومات جاننے کے لئے رِسالہ "چوک درس" کا مطالعہ کیجئے) **گھر درس:** (ہدف: فی ذیلی حلقہ: 12 گھر درس)۔ **فرمانِ امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ: گھر دَرس دینے سے گھر میں مدنی ماحول بنتا ہے، سارے ذمہ داران 2 مَدَنی درس دِیا یا سُنا کریں جبکہ ایک گھر درس ہونا چاہیے۔ اَلحمدُلِلّٰہ عزّوجل میں نے برسوں گھر دَرس دِیا ہے۔

## ہفتہ وار 5 مدنی کام

﴿6﴾ **ہفتہ وار اجتماع:** (ہدف: فی ذیلی حلقہ کم از کم 12 اسلامی بھائی، اوّل تا آخر شرکت) ہر چھوٹے بڑے شہر و اطراف گاؤں میں (مدنی مرکز کی اجازت سے) نمازِ مغرب تا اشراق وچاشت (رمضان المبارک میں عصر تا مغرب) ہفتہ وار اجتماع کیا جاتا ہے، جس نماز کے بعد اجتماع ہوتا ہے وہ نماز اجتماع والی مسجد میں باجماعت ادا کریں، اوّل تا آخر شرکت سے مُراد پہلی نشست (تلاوتِ قرآنِ مجید تا رات اعتکاف) پھر دُوسری نشست (نمازِ تہجد تا اشراق وچاشت کے بعد صلوٰۃ وسلام تک) ہے۔ (کسی شہر میں عرف کے مطابق اجتماع کے وقت میں زونل نگران کی اجازت سے تبدیلی کی جاسکتی ہے) (تفصیلی معلومات جاننے کے لئے رِسالہ "ہفتہ وار اجتماع" کا مطالعہ کیجئے) ﴿7﴾ **یومِ تعطیل اعتکاف:** (شہر و اطراف گاؤں، ہدف: فی حلقہ، شرکاء: کم از کم 5 اسلامی بھائی) اطراف یا شہر کے نئے یا ایسے علاقے جہاں دعوتِ اسلامی کا مدنی کام کم ہو یا نیا مدنی کام شروع کرنا ہو وہاں حسبِ موقع (جہاں جس دن چھٹی ہو)

جُمُعہ یا اِتوار کو مسجد میں اعتکاف کرنے کو **یومِ تعطیل اعتکاف** کہا جاتا ہے۔ (مزید معلومات جاننے کے لیے رِسالہ ''**یومِ تعطیل اعتکاف**'' کا مطالعہ کیجئے)

﴿8﴾ **ہفتہ وار مدنی مذاکرہ:** (ہدف: فی ڈویژن 1 مقام) ذیلی حلقے کے اسلامی بھائی شخصیات کے گھروں میں بدل بدل کر اور ڈویژن، گاؤں میں مقام طے کر کے نیز جامعۃ المدینہ / مدرسۃ المدینہ / فیضانِ مدینہ (خارجِ مسجد) میں ہر ہفتے اجتماعی طور پر مدنی مذاکرے میں شرکت کریں، دورانِ مدنی قافلہ بھی بھرپور تیاری کے ساتھ **ہفتہ وار مدنی مذاکرہ** دیکھنے دِکھانے کا اِہتمام کیا جائے۔ (تفصیلی معلومات جاننے کے لئے رِسالہ ''ہفتہ وار مدنی مذاکرہ'' کا مطالعہ کیجئے)

﴿9﴾ **ہفتہ وار مدنی حلقہ:** (ہدف ہر ذیلی حلقے میں ہفتہ وار 1 مدنی حلقہ، شرکاء: کم از کم 12 اسلامی بھائی) ہر ذیلی حلقے میں ہفتہ وار مَدَنی حلقہ ﴿امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے مدنی مذاکرے / بیانات اور جانشینِ امیرِ اہلسنّت / نگران و اراکینِ شوریٰ کے مکتبۃ المدینہ سے جاری ہونے والے بیانات (آڈیو/ ویڈیو)﴾ وقتِ مقررہ پر کسی کا انتظار کئے بغیر، گھر بدل بدل کر نئے نئے اسلامی بھائیوں کو شرکت کی دعوت دے کر پابندی سے کیا جائے، تِلاوت و نعت سے آغاز، صلوٰۃ و سلام کے 3 اشعار اور مختصر دعا پر اختتام کریں، چائے وغیرہ کی بجائے ''تقسیمِ رسائل'' اور ''انفرادی کوشش'' کی ترکیب کریں۔ (**مدنی حلقے کا دورانیہ**: تلاوت و نعت و بیان کا کل دورانیہ 41 منٹ، پھر انفرادی کوشش و ملاقات 19 منٹ) (تفصیلی معلومات جاننے کے لئے رِسالہ ''ہفتہ وار مدنی حلقہ'' کا مطالعہ کیجئے)

﴿10﴾ **مَدَنی دورہ:** (ہدف فی ذیلی حلقہ: 1 مدنی دورہ شرکاء: کم از کم 4 اسلامی بھائی) دعوتِ اسلامی کے مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق ہفتے میں ایک دن ہر مسجد کے اطراف میں گھر گھر، دکان دکان جا کر گھروں، دکانوں میں موجود اور راہ میں کھڑے ہوئے اور آنے جانے والے عاشقانِ رسول کو نیکی کی دعوت پیش کی جاتی ہے، جسے مَدَنی دورہ کہا جاتا ہے، فرمانِ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ''دعوتِ اسلامی کا جو بڑے سے بڑا ذمہ دار مَدَنی دورہ میں از ابتداء تا انتہاء شرکت نہیں کرتا، وہ میرے نزدیک سخت غیر ذمہ داری کا مُرتکب ہے'' (جو مجبور ہے وہ معذور ہے) ہفتے میں ایک دن مخصوص کر کے اپنے ذیلی حلقے (مسجد اور اس کے اطراف) میں گھر گھر، دُکان دُکان جا کر نیکی کی دعوت ضرور دیں۔ (رہائشی علاقوں میں عصر تا مغرب یا مغرب تا عشاء، کاروباری مراکز میں ظہر یا عصر سے پہلے) اگر آپ اکیلے ہیں تو وادیٔ مِنیٰ میں تنہا، خیمہ خیمہ جا کر نیکی کی دعوت دینے والے مکی مدنی محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کو یاد کریں۔ (تفصیلی معلومات جاننے کے لئے رِسالہ ''مدنی دورہ'' کا مطالعہ کیجئے)

## ماہانہ 2 مدنی کام

﴿11﴾ **مدنی قافلہ:** (ہدف: ہر ماہ فی حلقہ 3 دن کا 1 مدنی قافلہ، فی علاقہ 12 دن کا 1 مدنی قافلہ، فی ڈویژن 1 ماہ کا مدنی قافلہ۔ اطراف کا ہدف: ہر ماہ فی عَلاقہ 3 دن کا مدنی قافلہ، فی ڈویژن 12 دن کا مدنی قافلہ، فی کابینہ: 1 ماہ کا مدنی قافلہ) ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لئے مدنی قافلے ملک بہ ملک، شہر بہ شہر، قریہ بہ قریہ سفر کرتے ہیں، اگر روزانہ 2 اسلامی بھائیوں کو انفرادی کوشش کرنے والے مدنی انعام پر عمل کرتے ہوئے مدنی قافلے کی دعوت دی جائے تو مہینے بھر میں 60 اسلامی بھائی ہوئے، 12 فیصد کامیابی بھی حاصل ہو تو ہر ذیلی حلقے سے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل مدنی قافلہ تیار ہو سکتا ہے، فرمانِ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ''مدنی قافلے دعوتِ اسلامی کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں'' **دُعائے عطار:** اے اللہ عزوجل! ہر ماہ 3 دن، ہر 12 ماہ میں یکمشت ایک ماہ اور عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ کے لئے تیری راہ میں سفر کرنے کی تڑپ رکھنے والوں کو اور ان کے صدقے مجھے بھی بے حساب بخش دے۔ آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم (مزید معلومات کے لیے کتاب ''نیک بننے اور بنانے کے طریقے'' اور رِسالہ ''مدنی قافلہ'' کا مطالعہ کیجیے)

﴿12﴾ **مدنی انعامات:** (ہدف فی ذیلی حلقہ 26 تقسیم، 12 وصول) امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا **ابو بلال محمد الیاس عطار قادِری** دامت برکاتہم العالیہ نے اِس پُرفتن دور میں نیکیاں کرنے اور گناہوں سے بچنے کے طریقوں پر مشتمل شریعت و طریقت کا جامع مجموعہ 72 **مدنی انعامات** بصورتِ سُوالات عطا فرمائے ہیں''، انفرادی کوشش کرنے والے مدنی انعام پر عمل کے ذریعے ہر ماہ مدنی انعامات کے کم از کم 26 رسائل تقسیم کر کے وصول فرمانے کی بھی کوشش کریں۔ فرمانِ امیرِ اہلسنّت: ''مجھے مدنی انعامات سے پیار ہے۔''، ''جو فکرِ مدینہ نہیں کرتا وہ آدھا دعوتِ اسلامی والا ہے۔'' (مزید معلومات جاننے کے لیے رِسالہ ''مَدَنی انعامات'' کا مطالعہ کیجیے)

**کیفیت: 6 سے کم مدنی کام والا کمزور، 6 مدنی کام والا مناسب 9 مدنی کام والا بہتر، 12 مدنی کام والا ممتاز**

**مرکزی مجلسِ شوریٰ** (دعوتِ اِسلامی)، ۱ محرم الحرام ۱۴۴۰ھ، 11 ستمبر 2018ء